یہ کام عمدگی سے چل رہا ہے سنہ ۱۸۹۶ء مین کرنیل لاک صاحب بہادر نے لکھا تہا کہ ریاست کے اعلیٰ ذات والے ہندؤن سے ایک ہی ایسا نہین ہے۔ جو کاشتکاران کے مفاد کو بن گایُونکے مقابلہ مین ترجیح دیتا ہو۔ ہمارے نزدیک اگر کاشتکاران کے مفاد کو جو بیشی آمدنی راج اور بہبودی ریاست کیلئے عین ضروری ہین مدنظر رکہا جاوے۔ تو اس امر کی احتیاط لازمی ہے کہ آیندہ بخیال بے بنیاد مذہبی تعصبات کے اس کام کو کامیابی کے ساتھ انجام پر پہونچنے سے نہ روکا جاوے اور بعد مین ہی اسے ادہورا نہ رکہا جاوے مگر خوش قسمتی سے اب کوئی ایسے اندیشہ کا مقام نہین ہے کیونکہ مہاراج صاحب بہادر نے بذات خود اس معاملہ مین اقدام فرمایا ہے۔

(ط) لازمی ترقی جو زراعت مین ہوئی اگرچہ اس معاملہ مین راج کا بہت روپیہ خرچ ہو چکا ہے اور ابہی ہوگا مگر رعایا کی بہر کر فرغ الحال بننے اور بیشی مزروعہ سے ایزادی جمع کے باعث ریاست کو بمقابلہ اس صرف کے بدرجہا زیادہ فائدہ ہونچیگا گذشتہ ۳ سال کے اندراج سے عیان ہے کہ بہرتپور اور کمہیر کی تحصیلات مین زائد از بیس ہزار بیگہ رقبہ اور مزروعہ ہوگیا ہے علاوہ برین ہمنے بنجر رقبہ کی جلد تر آباد کئے جانے کا خاص انتظام کردیا ہے جسکا ذکر ہم تیسرے باب مین کرینگے اسلئے ہم امید کرتے ہین کہ امسال اور نیز آیندہ چند سالون مین ریاست کی آمدنی مین خاطر خواہ بیشی ہو جاویگی۔ کمہیر اور کچہہ حصہ اسکے گڈہ اور ونگیں اور اوچین والونکو جنہون نے ابتک بن گایُون کی موجودگی سے نقصان اوٹہایا ہے انتظام بالا سے اچہا فایدہ پہونچیگا لاہہر تیور نے جیسا زیادہ نقصان برداشت کیا ہے ویسا ہی اب زیادہ اوسکو

[illegible]

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
			[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

[illegible]

سے کے لئے بھرت پور کی حد ملحقہ متھرا اور آگرہ پر اکتالیس میل کی لنبائی مین ایک تار کا جنگلہ
بصرف مبلغ ۱۰۸۹۲۰ روپیہ نصب کرایا جسکی بابت گورنمنٹ ہند نے یہ فیصلہ کیا کہ یہ کل
روپیہ ریاست بھرت پور سے لیا جاوے مگر بعد خط وکتابت کے ابدا آخرش جون
سنہ ۱۹۰۴ء مین اس شرط پر کہ آیندہ وہ بار اس خرابی کے قطعی دور کرنیکے لئے پوری
پوری کوشش رکھے یہ طے ہوا کہ نصف خرچ تو ریاست بھرت پور سے لیا جاوے
اور نصف سرکار دے۔ اس جنگلہ کے لگانے سے آگرہ اور متھرا کے دیہات تو خوب محفوظ
ہوگئے اور پھر کبھی اونکی جانب سے نقصان وانیکا دعویٰ پیش نہین ہوا۔ مگر ریاست
مین بن گایونکی نہ ہونا سے مصیبت بڑھگئی۔

او انکی تجاویز جو بہ تدبیرین انکی گرفتاری کیلئے کی گئین

انتظامیہ رپورٹ سنہ ۱۹۰۷ء مین کرنیل ایک صاحب
بہادر پولیٹکل ایجنٹ نے لکھا ہے کہ بن گایونکو جو
پکڑکر علیحدہ کرنے کا تجربہ سنہ ۱۹۰۵ء مین شروع کیا گیا تھا اوسمین بالکل
کامیابی نہین ہوئی قریب دوسو گائین پکڑکر بند کی گئی تھین مگر ریاست مین ہر خاص و عام
اس تجویز کا مخالف ہے بعض تو نادانی یا سستی سے انکی گرفتاری پسند نہین کرتے
اور بعض جہل مرکب یا بے دینی سے۔

سنہ ۱۹۰۹ء سے جب ریاست کا انتظام کونسل اور پولیٹکل ایجنٹ صاحب بہادر
کے سپرد ہوا۔ تو اوسوقت سے بن گایونکی گرفتاری کی تجویز ہمہ تن سے ہو رہی ہے۔
سنہ ۱۹۰۹ء مین مسٹر ڈونش صاحب بہادر اگزکٹو انجنیر نے تجویز کیا کہ بھرت پور کے گنہ مین
جہان بن گائین کثرت سے موجود ہین ۲۰ میل پر تار لگاکر ایک بڑا احاطہ ناپید از دس
میل مربعہ رقبہ کا بنایا جاوے جسمین یہ جانور آہستہ آہستہ داخل کئے جائین اور پھر اونکو

اعداد بالا کے ملاحظہ سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ان بن گایون کے
طفیل سے قرب وجوار کے دیہات کو کس قدر بھاری نقصان اوٹھانا پڑا۔
بجواب اسکے مہاراج صاحب نے یہ تحریر فرمایا کہ زمینداران علاقہ انگریزی کو اختیار
ہے جسطرح سے چاہین وہ ان جانورون کو اپنی اراضی مین آنے سے روکین
آیندہ راج اونکی نقصان کا ذمہ دار نہین ہے لیکن اُنہون نے اپنی ریاست مین انکا کچھہ انتظام
کرنے اور اپنی رعایا کو اونکی گرفتار کرنے کی اجازت دینے سے قطعی انکار کیا مگر گورنمنٹ
نے یہ بات قبول نہین فرمائی اور اسبارہ مین قرار واقعی انتظام کئے جانے کیلئے پر ضد ہوئی
سنہ ۱۸۹۲ع مین کپتان ہربرٹ صاحب بہادر پولیٹکل ایجنٹ کی تحریک سے مہاراج
نے یہ حکم اپنی ریاست مین صادر فرمایا کہ بن گایون کو احاطون مین پکڑ کر بند کیا جاوے
مگر جب سنہ ۱۸۹۳ع مین مہاراج جسونت سنگہ بیکنٹھہ باش ہوئے تو اونکی وفات کے دوسرے
سال ہی دربار نے عام طور پر زمیندارونکو جنگلی گایونکے پکڑنے اور ہلانے کی اجازت
دیدی۔ دراصل ان دونون تجاویز مین سے کوئی بہی تہ دل سے نہین کی گئی تھی۔ پہلی
تجویز بن گایونکو پکڑ کر احاطون مین بند کرنے کی محض ظاہرداری کے لئے کی گئی تھی
تاکہ رپورٹ مین کاغذی عمل سے ظاہر کیا جاوے کہ اس بارہ مین کہان تک ترقی
ہوئی اور دوسری تجویز جو متعلق اجازت زمینداران تھی اوسکا گو بظاہر عام طور پر اعلان
کیا گیا تھا مگر ساتھہ ہی خفیہ طور پر جملہ دیہات والونکو یہ فہمایش کر دی گئی تھی کہ خبردار کوئی شخص
بن گاے کو پکڑنے اور ہلانے کی کوشش نہ کرے۔

(د) آگرہ اور متھرا کی حفاظت کے لئے تار کے جنگلہ کا نصب کرنا

اس اثنا مین گورنمنٹ ممالک مغربی و شمالی نے اپنی سرحدی دیہات کی حفاظت

جو دربار نے بوقت محط سالی تعمیر کرایا اوسط بلندی اس دیوار کی چار مختلف مقامات پر ۱۰ فٹ پیمود کی گئی تہی اور اوسط عرض ۷،۲ فٹ تہا۔

یہ دیوار چہ مہینے کے عرصہ مین قریب ڈیڑہ لاکہہ روپیہ کے صرف سے طیار ہوئی تہی۔ عندالدریافت صاحب مجسٹریٹ آگرہ نے اپنی راے اس دیوار کی بابت ظاہر کرتے وقت یہ لکہا تہا کہ تحصیلدار اور پٹواری اور زمیندارونکا بیان ہے کہ جس غرض سے یہ دیوار بنائی گئی ہے۔ وہ اس سے برابر پوری ہوتی ہے۔ اور اب بن گاے انگریزی حدمین نہین آسنے پاتین۔

یہ روکاوٹ صرف عارضی تہی کیونکہ کچہہ عرصہ بعد بے غوری سے یہ دیوار گرگئی اور بن گائین پہر متہرا اور آگرہ کی حدمین جانے لگین سچ تو یہ ہے کہ نہ تو مہاراجہ صاحب کی اس طرف توجہہ تہی اور نہ اونکے کارپردازان اس معاملہ مین کوئی دلچسپی لینا چاہتے ہین۔

جب ۱۸۸۹ء مین گورنمنٹ ممالک مغربی و شمالی نے ضلع متہرا و آگرہ کے ۳۳ ملحقہ دیہات ہین بہرتپور کی بن گایونکی یورش سے فصل کو خراب ہوتے دیکہا تو اونہون نے گورنمنٹ عالیہ کی مداخلت چاہی اور یہ ظاہر کیا کہ ۱۸۷۶ء سے ان دیہات مین رقبہ مزروعہ کم ہوکر اب بجاے ۴۲۹۷۲ ایکڑ کے ۲۵۳۱۲ رہگیا ہے اور لگان بجاے مبلغ ۸۵۵۰۵ کے صرف ۶۱۴۷۵ درج ہوا ہے اور مطالبہ سرکاری مین ۹ ہزار روپیہ کی کمی ابتک ہوچکی ہے اور اگر آیندہ بہی اس بدعت کے دور کرنیکا کچہہ انتظام نہین ہوگا تو مبلغ دس ہزار روپیہ مطالبہ سرکاری سے اور گہٹ جاینگے۔

سے دن بدن زیادہ رقبہ بنجر رہنے لگا اور بدنصیب زمیندار فقط اوسقدر رقبہ کے
تردد پر قانع رہے جسکو وہ اپنی بڑی محنت وصرف سے بذریعہ کچی دیوار بنانے
اور ہر وقت کی نگہبانی رکھنے سے محفوظ رکھ سکتے تھے اس طریق پر مزروعہ رقبہ کم
ہوتا ہوا صرف اسقدر رہگیا جو چار دیواری کے اندر رہتا اور باقی کل رقبہ چرائی کیواسطے
چھوڑ دیا گیا۔ اس غیر آباد رقبہ کی تعداد رفتہ رفتہ بڑھتی ہوئی ریاست ہذا کے قریب چہارم
حصہ کے برابر ہو گئی۔ اور مطالبہ سرکار گھٹتا گیا اور دیہات ویران ہونے لگے۔ مگر مہاراج
بیکنٹھ باشی نے اپنی رعایا کو اس مصیبت سے بچانے کی کوئی تدبیر نہین چاہیے
حتی کہ ملحقہ اضلاع انگریزی متھرا اور آگرہ کے افسران نے ان جانورونکے نقصان سے
آگاہ ہوکر شکایتین کرنی شروع کین۔

اس معاملہ مین جناب صاحب پولیٹیکل ایجنٹ بہادر نے اپنی رپورٹ سنہ ۷۸-۱۸۷۹ء
مین یون تحریر فرمایا ہے۔

سول افسران آگرہ سے کئی سال تک اس قسم کی متواتر شکایتین آتی رہین کہ بھرت پور
کی بن گائین زراعت کو بہت نقصان پہونچاتی ہین۔ ان جانورون کے راج کی
حد سے باہر جانے اور روکنے کی غرض سے بہت سی تجاویز عمل مین لائی گئین مگر
ایک بھی سودمند نہین ہوئی۔ ناچار افسران ممالک مغربی وشمالی نے ان جانورون
کو سرحد آگرہ مین داخل ہونے سے روکنے کے واسطے شکاریون کو اونکی ہلاکت
کا حکم دیا۔ جب اس حکم کی اطلاع جو بطریق خوف دلانیکے صادر ہوا تھا مہاراجہ صاحب
اور اونکے وزیرون کو پہونچی تو اونہون نے بخیال مذہب ان متبرک جانورون کی
پرورش کے لئے ۹ امیل لمبی ایک دیوار بنوادی یہ دیوار ایک قسم کا امدادی کام تھا

کر کے انہیں چھوڑے گئے۔ جبتک بھرتپور کے گنّہ میں انکو کافی چراگاہ اور امن ملتا رہا
انہوں نے دیہات ملحقہ کی فصل کو نقصان نہیں پہونچایا۔ البتہ مہاراج بیکنٹھ باشی کے
زمانہ نابالغی یعنی سنہ ۱۸۵۳ء-۱۸۶۲ء کے درمیان آس پاس کے دیہات کو انکی پرورش سے
بچانے کی غرض سے تھوڑے تھوڑے احاطہ بعض مقامات پر بنائے گئے تھے
مگر کچھ کارگر نہیں ہوئے ہی اونہوں نے ان قیود کو توڑ دیا اور وہ مذہبی اعتقاد کی وجہ سے
اس معاملہ میں مداخلت کرنا سخت ناپسند فرماتے تھے۔

(ب) بستہ رقبہ پر انکے پھیلنے کا باعث — سنہ ۱۸۷۷ء اور سنہ ۱۸۸۳ء کے درمیان
گھنڈ کا بہت سا رقبہ آبادی کے واسطے مستاجری پر دیا گیا تھا۔ مگر چونکہ ٹھیکہ داروں نے
سوائے درخت کاٹنے اور لکڑی بیچنے کے اور کچھ نہیں کیا۔ اسلئے بن گائیں اپنے
آپ کو غیر محفوظ پاکر قرب وجوار کے دیہات میں منتشر ہوگئیں۔ اسوقت اتفاق سے
سنہ ۱۸۹۶-۹۷ء میں ایک بڑا قحط نازل ہوا جسکے باعث بھرتپور کے گرد نواح کا بہت سا
رقبہ بنجر رہ گیا اب رفتہ رفتہ یہ صحرائی جانور ان چراگاہوں میں چلے گئے۔ تو اونہوں
نے بہر صورت تک مانع کاشت رکھا اور سب مزروعہ نہیں ہونے دیا۔ دن بھر تو یہ
ان چراگاہوں میں رہتے تھے مگر رات کو ڈول کے ڈول مختلف سمت میں کھیت کھانے کے
لئے نکل پڑتے تھے اور دن نکلتے ہی پیٹ بھر کر پھر واپس آجاتے تھے یہ ایک
مشہور بات ہے کہ جبتک فصل ایستادہ رہتی ہے یہ قدرتی چراگاہوں میں چرنا
پسند نہیں کرتے۔

(ج) بھرتپور کی زراعت پر بن گایوں کے حملوں کا اثر — چونکہ بن گایوں کے
روکنے اور نقصان پہونچانے کی راج سے قطعی ممانعت تھی۔ اسلئے ان کے حملوں

مین بھرت پور کے چارون طرف کا جنگل بہ نسبت اب کے زیادہ گنجان تہا اور اوس مین
جانوران صحرائی کثرت سے پائے جاتے تہے۔ اون دنون اس جنگل مین ایک
مشہور جوگی سری ناگ جی مہاراج رہتے تہے جنکا مسکن ٹہیک اوس مقام پر جہان
اب قلعہ مین سری بہاری جی کا مندر ہے بنا ہوا تہا۔ کہیم کرن اپنے گانون سیور
سے یہان مویشی چرانے آیا کرتا تہا۔ رفتہ رفتہ اپنی خدمت سے اس مہاتما کو اپنا مہربان
بنالیا جنہون نے خوش ہو کر اوسے یہ پروان دیا کہ اوسکا اور اوسکے مویشی کا صحرائی
جانور کبہی نقصان نہین کرسکین گے۔ بعد اس پروان سے اوسے اور بہا درانہ
کام کرنے کی جرأت ہوئی اور وہ لوٹیرونکی اک جماعت کو اکٹھا کرکے اونکا سرگروہ بن بیٹہا
انکی مدد سے اسنے یہانتک کامیابی کے ساتہ لوٹ کہسوٹ اور تاخت وتاراج کا
بازار گرم کیا کہ اوسکی شہرت دہلی تک پہیل گئی۔ چونکہ اس شغل مین وہ اپنے مویشی چرانا
بہول گیا اسلئے یہ جنگل مین آوارہ پہرتے رہے اور اونکی نسل بڑہتی گئی۔ رفتہ رفتہ
انکی عادات بہی جنگلی ہوگئین اور اب ہزارون بن گائین جنکے پکڑنے اور قابو مین لانیکا انتظام
راج کررہا ہے انہین کی بدولت موجود ہین۔

کہیم کرن کو اس لوٹ کہسوٹ کے کام سے روکنے کے لئے دربار دہلی سے جاگیر
عطا ہوئی مگر سورج مل جو سنسوار جاٹونکا سرگروہ تہا یہ بات دیکہہ نہ سکا اور اوسکو زہر سے
مروا کر اوسکی جاگیر کو خود سنبہال بیٹہا۔ گو اسطریق سے کہیم کرن کا کام تو تمام ہوگیا مگر
وہ بہی مرتے وقت ایک شرارت کا ایسا ترکہ چہوڑ مرا جو ہمیشہ سورج مل کی اولاد کے پہلو
مین مثل خار کے کہٹکتا رہا اور جسکے باعث اونکی رعایا بڑی بڑی کہسکڑا وٹہاتی رہی
بن گائیونکی تعداد بڑہنے کی ایک یہ بہی وجہ ہے کہ مذہبی بنا پر بہت سی گائین اور بچارین

ہین مگر باوجود ان تمام خوبیون کے جو اس تحصیل کو بلحاظ عمدہ بارش اور طاقتور زمین جو
مناسب احتیاط سے نہایت زرخیز بن سکتی ہے۔ اور کافی سیرابی اور مشی جابات
و عمدہ ذرایعہ آمد و رفت اور قربت شہر سے حاصل ہین۔ جہان غلہ چارہ او پہل اور دیگر
اشیا پیداوار زراعت فروخت کرنیکا عمدہ موقع ملتا ہے۔ یہ امر قابل افسوس ہے
کہ رقبہ خالصہ سے جسمین رونہ سرکاری شامل نہین ہین اب فقط قریب نصف کے
مزروعہ ہے۔ اس خرابی کی کچھ وجہ یہ بھی ہے کہ ریاست ٹونک کے مالی انتظام مین
بہت گڑبڑ رہی۔ تجارت تنگ بند ہوگئی۔ بندات آبپاشی کی طرف بالکل توجہ نہین
کی گئی پانی جابات شور رہا اور زمین ایسی کمزور اور کم ہمت کاشتکاران کے ہاتھ مین رہی
جنمین سے زیادہ تعداد کاہل باگوال گوجرون یا سستی پسند برہمنون یا لاپرواہ سنسواریوں کی
تھی جنکو ریاست کی معافی اور انعام نے محنت سے شکرپر کرنیکا کبھی سبق نہین دیا۔

(دفعہ ۶) بہرت پور کمہیر اوچین لکہے گڑہ اور کچھ حصہ ڈیگ کی زراعت کا بن گائون سے نقصان۔

اس ریاست مین بن گایان بھی مانع ترقی زراعت رہی ہین۔ انکے حملونکے نقصان سے بہرت پور،
اور کچھ حصہ کمہیر کے زمینداروں کی حالت پست ہوگئی ہے۔ چونکہ بہرت پور اور کچھ حصہ کمہیر
اور لکہے گڑہ اور ڈیگ اوچین کی بہبودی کا بڑا دارومدار انکی گرفتاری پر موقوف ہے اسلئے
ہم کچھ تشریح کے ساتھ انکا ذکر کرنا چاہتے ہین۔

(الف) انکی ابتدا اور ترقی نسل۔ بن گایون کی ماہیت ایک شخص نامی کہیم کرن
سنگاریہ جاٹ سے منسوب کیجاتی ہے یہ شخص بہرت پور مین لوٹیرونکا سرغنہ تھا اور
۱۷۳۳ء مین مہاراج سورج مل نے اسکا کام تمام کیا تھا۔ روایت ہے کہ اون ایام

سخت اور ٹھنڈی اور کھاری ہے اور اسمین کلر کی بہت آمیزش ہے جسکی وجہ سے
بیا انکا رقبہ بنجر پڑا رہتا ہے - اس رقبہ کی بلا تردد غیر آباد رہنے کی ایک یہ بھی وجہ ہے
کہ قریب کی سطح کا پانی نہایت کھاری ہے - اور تا وقتیکہ کثرت بارش یا آمد آب
ندی سے اوسکی شوریت دور نہو جاوے زمین قابل الزراعت نہین ہوسکتی - مگر باوجود
ان خرابیون کے یہ زمین بہت طاقتور ہے اور اگر اسکی پوری احتیاط سے کاشت
کیجائی اور بند اور شیرین چاہات کے پانی سے کافی طور پر اوسکو سینچا جاوے تو یہ
قطعہ بہت زرخیز بن سکتا ہے - اسوقت فقط کیکر اور نیم کے درخت اسمین بہت شاداب
اور سرسبز نظر آتے ہین - بھرت پور کی ریاست راجپوتانہ مین ایک نہایت زرخیز
ریاستون مین سے ہے - مگر باوجود اس امر کے شہر کے چارون طرف کا ایسا
خراب نظارہ ہے کہ جو ایک سیاح کو ریاست کی غیر آبادی اور ویرانی کا یقین
دلاتا ہے -

(و) ذرایعہ آمد و رفت بلحاظ ذرایعہ آمد و رفت یہ تحصیل سب تحصیلون سے عمدہ
ہے - راجپوتانہ مالوہ ریل کی شاخ جو باندی کوئی سے آگرہ کو جاتی ہے - اٹھارہ میل
تک اس تحصیل مین سے گذرتی ہے - اسپر دو اسٹیشن ہین ایک خاص بھرت پور
اور دوسرا اکرن جو بھرت پور سے مشرق کی طرف ۸ میل کے فاصلہ پر ہے - بھرتپور
سے پختہ سڑکین دیگ آگرہ اور متھرا کو بھی جاتی ہین ایک پختہ سڑک سیور کو جاتی ہے
جو پانچ میل کے فاصلہ پر گوشہ جنوب و غرب مین ہے - مہاراج بلونت سنگھ باشی نے عمدہ
آب و ہوا کی بنا پر یہان کا رہنا پسند فرمایا تھا - سیور سے بھی ایک پختہ سڑک دیگ
کو جاتی ہے - علاوہ انکے دو پختہ سڑکین فتحپور سیکری اور جے پور کو بنی ہوئی

مین ۶۵۰۰ بیگه اور سنہ ۱۸۵۵ء مین قریب ۸۰۰۰ بیگه کے مزروعہ ہوگیا ہے۔ اس اندراج سے یہ مفہوم نہین کیا جاوے کہ یہ رقبہ واقعی آبپاش شدہ ہے فقط اس سے یہ مراد ہے کہ باقاعدہ انتظام سے باقی کل رقبہ مزروعہ ہوجاوے گا اب بھی کم از کم دس ہزار بیگه رقبہ ایسا سیراب ہوتا ہے جیسا کبھی پہلے نہین ہوا جو انتظام ہمنے (۱) اس رقبہ اور دیگر قابل زراعت رقبہ کی آبادی کیواسطے کئے ہین اون کا ذکر ہم آیندہ کرینگے۔

جو دیہات کہ بند آجان کے اندر ہین اونکی زمین عمدہ ہے اور پانی شیرین ہے مگر پانی کے اجتماع کے باعث اونکی آب و ہوا نہایت خراب رہتی ہے۔ غریب ان دیہات مین نہین ہوسکتی۔ آبادی بیحد رہی ہے۔ اور بہتر تنگی کی نہایت ضرورت ہے۔

آجان بند سے پانی مختلف موریون کے ذریعہ سے گذرتا ہے۔

(۱) اس سے شمال کی طرف بھرت پور کے قریب اٹل بند بھرا جاتا ہے پہلے اس بند سے کچھ رقبہ آبپاش نہین ہوتا تھا کیونکہ پانی وقت پر تردد واہاضی کے واسطے نہین چھوڑا جاتا تھا مگر اب سنہ ۱۸۵۵ء مین ۱۰۰ بیگه و سنہ ۱۸۵۵ء مین ۲۰۰ بیگه سیرابی ہوئی ہے۔

(۲) اس سے مشرق کی طرف کیولا دیو بند بھرا جاتا ہے۔ جہاں کہ چھ سال ہوئے بن گایون کے روکنے کے واسطے سولہ ہزار بیگه رقبہ پر تار کا جنگلا لگایا گیا تھا۔ بند کے اسطرف بہت سا رقبہ جو سڑک آگرہ کے جنوب مین ہے ہر سال کم و بیش غرق مین رہتا ہے اور غیر مزروعہ مین سرکنڈہ گھاس اور جھاڑیان اسقدر ہوگئی ہین کہ باہر

پوری احتیاط سے تقسیم ہونے اور نیز زمینداروں کی لاپروائی کے باعث ابھی پورا پورا
فایدہ اس بند سے نہین پہونچا ہے۔ مثل سیکری بند واقعہ
تحصیل گوپال گڈھ کے راج کے مشہور بندون مین سے یہ ہے - ایزادی بند
سیور کو ملا کر اسکی لمبائی ۲ میل ہے اور اوسمین ۳۴ موریان ہین جنسے ۲۹ دیہات
سیراب ہوتے ہین۔ عرصہ ۵۰ سال کا گذرا جب یہ بند پہلے پہلے مہاراجہ رنجیت سنگھ
جی نے بنوایا تھا - مگر مہاراج بکینٹھ باشی کے زمانہ مین اسکی کچھہ غور پرداخت نہین
ہوئی - اور یہ مسمار ہوگیا - ہر سال آمندی سے اسکے کنارون مین درار ہوجاتی تہین
اور سیکڑون بیگھہ رقبہ غرق مین رہنے کی وجہ سے کاشت خریف کے بالکل ناقابل رہتا تھا بلکہ
پانی کے کم ہوجانے پر بہی زمین ایسی نرم یا ایسی سخت ہوجاتی تہی کہ اوسمین فصل
ربیع کاشت نہین کیجا سکتی تہی - اسلئے زمینداران نے جو بالعموم گوجر تہے تردد کم کردیا
مگر قحط سمت ۱۹۳۴ کے اثر اور بن گایونکے نقصان سے اونکی رہی سہی ہمت اور بہی لوٹ گئی
اور وہ اپنا گذر گاے بہنیس پالکر کہی - دودھ شہر مین فروخت کرنے لگے مگر جب ۱۸۹۵ء
مین محکمہ انجنیری کا انتظام ڈیونش صاحب بہادر ایگزیکیٹو انجنیر کے سپرد ہوا تو اونہون
نے فوراً اس عمدہ کام کی طرف توجہ کرکے بصرف ساڑھے سولہ ہزار روپیہ اسکے شگافون
کی مرمت کرائی اور اوسکے پشتون کو مضبوط کیا - ماسوا اسکے ڈہاے ہزار روپیہ
لگا کر اونہون نے اس بند سے ایک نالا کہدوایا جس سے بھرت پور کے تالاب
بھرتے ہین - اوس وقت سے ابھی تک بند کبھی نہین ٹوٹا - اور زمیندار آہستہ آہستہ
اوس رقبہ کو جس مین گانڈر افراط سے پیدا ہوگئے تہے - اور ایک قسم کا گھنا بنگیا تہا -
اب پہر مزروعہ کر رہے ہین ۱۸۹۶ و ۱۸۹۷ء مین زائد از پانچ ہزار بیگھہ رقبہ مزروعہ ہوا اور ۱۸۹۷ و ۱۸۹۸ء

(۴) حصہ جنوب جسمین بان گنگا آتی ہے | بان گنگا کی طغیانی سے جنوبی
غربی علاقہ مین بہت رقبہ سیراب کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔ اول ہی اول یہ دریا
تحصیل اوچین مین جو بھرت پور کی جنوب مین ہے داخل ہوتا ہے جہان کچھ زور
اسکے پانی کا بند چارہی (تحصیل اوچین) اور نہر اوچین سے جو شمال کیجانب سیور
تحصیل بھرت پور تک کھودی گئی ہے رکتا ہے مگر زیادہ حصہ اسکی طغیانی کا مشرق
کیطرف بند آجان مین چلا جاتا ہے۔ یہ نہر جو ڈیڑہ میل لمبی اور تہ مین ۲۰ فٹ چوڑی ہے ۱۸۹۵ء
مین بصرف دس ہزار روپیہ طیار کرائی گئی تہی۔ مگر سیور اوچین سڑک کے بلند ہوجانے
سے جسپر ۵۰۰۰۰ روپیہ صرف آیا ہے اور جو بمنزلہ ایک بند کے کام دیتی ہے۔
یہ نہر ۷ میل آگے تک اوسکے ساتہ ساتہ چلی جاتی ہے۔ ماسوائے اسکے سوکاولی اور
شیورانا پر امدادی بند بصرف مبلغ ۶۲۰۰ روپیہ جداگانہ طیار کیگئے ہین۔ اور سیور کا
پورانا بند جہان نہر ختم ہوتی ہے۔ دوبارہ ۰ ہزار روپیہ کے صرف سے درست کرادیا
گیا ہے۔ بند سیوراب بند اجان سے ملا دیا گیا تاکہ وہ پانی جو پہلے ان دونون کے
درمیان ہوکر نکل آتا تہا اور شہر کے گرد نواح مین پہیل کر نقصان پہونچاتا تہا اب رُکا رہے اور
اوس سے فائدہ اوٹہایا جاے۔ تعمیر بندات کے کام سے رعایا کو نہایت امن ملا ہے
اور کچھ عرصہ بعد ریاست کو بھی اسسے خاطر خواہ آمدنی ہوجانے لگی سال گذشتہ مین کل رقبہ
آبپاشی شدہ بذریعہ بندات ۲۵ ہزار بیگہ درج ہوا ہے۔ اسمین سے بہت سا رقبہ
تو تحصیل اوچین کا ہے مگر سیور ملاکر بھرت پور کی تحصیل مین ۸ دیہات سیراب
ہوئے ہین۔

بان گنگا کا ایک بڑا حصہ مشرق کیطرف بہتا ہوا بند اجان مین آتا ہے مگر پانی کی

سے آکر ملتا ہے پھر یہ نہر جنوب کی طرف ہوتی ہوئی موتی جھیل کے بند مین جو شہر بھرت پور
کے قریب ہے جا ملتی ہے ۱۸۹۶ء مین اس بند کی مرمت پر مبلغ ۴۱۰ روپیہ صرف
ہوئے اور گذشتہ سال مین دو سو بگہہ زمین اس سے سیراب ہوئی - موتی جھیل کا پانی قدرتی
راستہ سے نوح کے بند مین جسکی ۱۸۹۷ء مین ساڑھے چار ہزار روپیہ کی لاگت سے مرمت
ہوئی تھی جاتا ہے - سال گذشتہ مین اس بند سے ۲۸۷ بگہہ رقبہ ان دیہات مین
سیراب ہوا تھا موتی جھیل کا پانی ایک نالہ کے ذریعہ سے جو حال مین ۱۷۰۰ روپیہ کی صرف
سے بنایا گیا ہے گول باغ بند مین لیجایا جاتا ہے جو بھرت پور سے مغرب کی طرف چند
میل کے فاصلہ پر ہے اور جسکی درستی ۱۸۹۷ء مین ۴ ہزار روپیہ کے صرف سے ہوئی
تھی ۱۸۹۷-۹۸ء مین اس بند سے قریب پانسو بگیہ اراضی آبپاش ہوئی تھی - بھرت پور کی مشہور
خندق جو قلعہ کے گرد ہے اسی موتی جھیل سے بھری جاتی ہے ان تمام بندون
مین پانی کا آنا روپارین کی طغیانی پر موقوف ہے ۱۸۹۶ء سے اس ندی
مین پانی بہت کم آیا ہے ماسوائے رقبہ مندرجہ بالا کے ان بندات سے بہت
سا بنجر رقبہ بھی سیراب ہوا ہے - جس کا تردد کیا آگی کاشتکاران یا کسی اور وجہ سے نہین
ہوتا - روپارین کے روکنے کیواسطے سب سے آخر مین بند نوح بنا ہوا ہے جسمین
بان گنگا کی طغیانی کا زائد پانی بھی جنوبی راستہ سے بذریعہ موری جاٹولی آتا ہے
یہ موری ۱۸۹۵-۹۶ء مین مبلغ ۱۴۰۰ روپیہ کے صرف سے بنائی گئی تھی اور اس سے
شہر کے نزدیک کے تالاب بھی بھرے جاتے ہین - نوح بند مین اگر پانی زیادہ
آجاتا ہے تو وہ غربی جانب سے آگرہ کے ضلع مین نکل کر جمنا مین جا
ملتا ہے -

نہین آتا اور مقابلہ شمالی دیہات کی یہ ہر طرح سے کم درجہ کی ہین۔ انکی زمین بہت
سے مقامات مین بوجہ شوریت ناقص ہوگئی ہے اور بہت دیہات مین از قسم بہوڑ
ہے۔ خاصکر اون دیہات مین جو گھاٹ ماد ہوتی کے دونون طرف واقعہ ہین
اس تحصیل مین صرف یہ ہی پہاڑی ہے جسکی زیادہ سے زیادہ بلندی ۲۵ ے
فٹ سطح بحر سے ہے۔ چاہات کا پانی اکثر نہایت کھاری ہے۔ بعض دیہات مین
کم استطاعتی یا مفروری مالکان یا بن گایون کے حملون سے جنہون نے بانسی اور
ہیلک کے روندون یا گرد و نواح کے جنگل مین اپنا گھر بنالیا ہے بہت سا رقبہ بنجر پڑا
ہوا ہے۔ الغرض اس حصہ مین جبکہ زمین معمولی ہے اور چاہات کھاری مین آسودگی
بڑھانے کے لئے کوئی ذریعہ موجود نہین ہے۔ البتہ اگر ہیانہ سے نہر لائی جاے تو امین
کچھ شک نہین ہے کہ زمین کے زرخیز ہونے اور چاہات مین پانی کے ترقی کی
باعث یہان کی حالت بہت سدہر جاے گی۔ اس تحصیل کے باقی حصہ یعنی شمالی غربی
وسطی اور جنوبی مین قریب ۷۰ محالات کے ہین جو براہ راست یا بطریق دیگر روپاریل اور
بان گنگا سے مستفید ہوتے ہین۔

(۳) شمالی غربی اور وسطی حصہ جسمین روپاریل کا پانی آتا ہے — روپاریل کی وہ شاخ جو ہوم صاحب کے نام سے مشہور ہے کھیرے گذر کر مرقوم الفوق
راستہ سے ہوتی ہوئی شمالی غربی سمت سے نگلہ جیت سنگ کے مقام پر اس
تحصیل مین داخل ہوتی ہے۔ اور ہاندرس کے بند کو جو ۱۸۹۰ء مین بصرف ۲۸۰۰۰ لاکھ روپیہ
درست کیا گیا تھا جرتی ہے۔ اس بند سے گذشتہ سال مین ۹ دیہات کا ۱۸۶۰ بیگھہ رقبہ
سیلاب ہوا۔ اس مقام پر اسمین شمالی حصہ کے بنجرون اور غربی حصہ کا پانی روند ہیلک

طریق ابھی تک جاری ہے فقط تحصیل کا انتظام بجائے منتظم ڈیوڑہی کی اب تحصیلدار
کے سپرد ہوگیا ہے۔ اس تحصیل کا مالی انتظام بہ نسبت دیگر تحصیلات راج کے نہایت
خراب رہا ہے۔ اہلکاران ڈیوڑہی کی ہمیشہ یہ کوشش رہتی تہی کہ رعایا کی پاس ایک حبہ
بہی نہ رہنے پائے جب رعایا بے امنی کی حالت مین ہوئی ۔ اور اونکو اپنی حالت
سدہارنے کے لئے کوئی ترغیب نہین ملی۔ تو اہلکاران کی زیادتیون سے زمیندارون
نے اپنے بچاؤ کے واسطے دہوکہ دہی اور روپوشی اختیار کرلی۔ علاوہ اس ظلم
کے رعایا کو بن گائیونکے نقصان سے جنہون نے اس تحصیل مین اپنا گہر بنالیا تہا اور
بان گنگا کی سالانہ طغیانی کی مصیبت سے جسکے روکنے اور قابو مین لانے کیواسطے
کوئی انتظام نہین تہا اور بہی پریشانی اوٹھانی پڑی جسکا نتیجہ ہوا کہ ہر تہوڑی کی تحصیل
جہان کسی وقت مین اچہی کاشت ہوتی تہی۔ ایک دلدل کا قطعہ بن گئی جس سے لوگون کی
صحت کو نقصان پہونچا۔ اسطرح پر یہانکی رعایا بہت کم تعداد و کم طاقت رہ گئی اور مزروعہ
رقبہ دن بدن بنجر رہنے لگا۔ گذشتہ چار یا پانچ سالونکے عمدہ انتظام سے اس تحصیل کی
حالت کچہہ سنبہل گئی تہی۔ مگر اب بہی زمیندارونکی یہ عادت نہین گئی ہے۔ کہ عمدہ فصل
والے سالون مین سرکاری جمع ادا کردین اور راج کو دہوکہ دین۔ ہمارے خیال مین
آیندہ بہت سالونکا عمدہ انتظام اس قابل ہوگا کہ رعایا کی اس بری عادت کو جسے اونہون
نے مدت دراز کے ظلم و بدنظمی کی وجہ سے سیکہا ہے چہوڑادی اور اونکی آسودگی و
اخلاق کو بڑہا کر کم از کم اونکو دیگر تحصیلات راج کی رعایا کے برابر کردے۔

(ب) قدرتی ہیئت - سوائے اس بڑے اختلاف کے کہ اس تحصیل کے جنوبی
حصہ مین بان گنگا کی طغیانی سے ۲۹ دیہات موثر ہوتے ہین اور کسیقدر شمالی غربی اور

کے خالصہ جمع دینے سے انکار کرتے ہین اصلی جاٹ نہایت عمدہ کاشتکار ہین۔ مگر
انکے پاس صرف تحصیل کی ایک چہارم دیہات ہین۔ اگرچہ اس تحصیل مین اب بہت
رقبہ نوتوڑ ہوگیا ہے۔ اور ابہی بنجر شگافی کی بہت گنجایش ہے مگر ابہی سنگینی جمع
اور محنت کی خرابی سے نہین پنپے ہین۔ مالکان دیہہ کم استطاعت ہین۔ اور بہت سی
محالات زیر انتظام خام تحصیل ہین۔ اور جمع سرکاری اگرچہ سخت نہین ہے۔ مگر پہر بہی ہمیشہ پوری
پوری بیباق نہین ہوتی۔ عام طور پر اس تحصیل کی زمیندار بہت کم ہمت اور بے حوصلہ
معلوم ہوتے ہین۔

بہرت پور

دفعہ۔ قایمی تحصیل اور اوسکا انتظام بذریعہ افسران ڈیوڑہی

چونکہ تحصیل بہرتپور سے بڑہکر ریاست
ہذا کے کسی حصہ کی تشخیص زیادہ مشکل و
پیچیدہ نہین ہے۔ اسلئے یہ ضروری ہے کہ ایک خاص حد تک اسکے حالات
قلمبند کئے جائین۔ یہ تحصیل عام طور پر ڈیوڑہی کی تحصیل کہلاتی ہے اور اسکی خالصہ
دیہات کی آمدنی سرکاری محلات کے خرچ مین صرف ہوتی ہے۔ سنہ ۱۸۶۶ع تک یہ عمل تہا
کہ بہت سے دیہات کی آمدنی جو مختلف تحصیلات مین تہی اس خرچ کے واسطے
مخصوص کی گئی تہی۔ مگر اس سال مین کپتان والٹر صاحب بہادر پولیٹیکل ایجنٹ نے سہولیت
انتظام اور عمدہ سیاست کی غرض سے بہرتپور کے پرگنہ کے ۵۴ دیہات کی جنکی سالانہ مالگذاری
مبلغ دو لاکہہ [illegible] تہی حدبندی کرکے اسکا نام تحصیل ڈیوڑہی رکہا۔ یہ تحصیل زیر
نگرانی منتظم ڈیوڑہی رکہی گئی تہی۔ اور اوسکی آمدنی خزانہ ڈیوڑہیات مین جمع ہوتی ہے۔ یہ

بھروسہ کی نہین ہوتی۔ اسلئے سواے پاہی رتبہ کے بیج کی کاشت نہین کیجاتی۔

(۲) طریقہ کاشت وحالت زمینداران | اس تحصیل مین زمینداران کا طریقہ کاشت
وہی ہے جو کہ پرگنہ کے مغربی حصہ مین پایا جاتا ہے۔ باہی سے آبپاشی کرنے اور
فصل بونے کا طریق جو شرقی حصہ کہ پرگنہ مین مروج ہے۔ یہان ارسکا تتبع نہین کیا جاتا اور
اسی سبب سے چاہات شور کی چاہی زمین متواتر آبپاشی سے کرو ہوتی جاتی ہے۔ گانو
اس تحصیل مین عموماً بڑے ہین مگر بعض بعض دیہات مین کاشتکار کمزور ہین۔ مالکان
دیہہ کا گروہ اکثر مخلوط ہوا ہے جنمین نہ تو باہمی اتفاق ہے اور نہ اونکو مقدور ہرداری کیسانی
ہے۔ اس اختلاف کی دو وجہ ہین۔

اول یہ کہ بوبست مالکان دیہہ مین معافیدارون یا خاصونکو شامل کر دیا گیا ہے اور
چونکہ یہ اشخاص عموماً مکران قوم سے سنوارے ہین اسلئے اونون نے یا تو زمیندارونکے
سابقہ حقوق کو جذب کر لیا ہے یا بوقت ضبطی دیہہ راج جسقدر دیہہ مین حصہ حاصل کر لیا ہے
دوسری وجہ یہ ہے کہ حالت بقایا تحویل [illegible] کر راج نے بہت سی سالم یا
حصہ دیہات کو غیر دیہہ والونکو ہاتھ فروخت کر دیا ہے یا اونکو دیدیا ہے۔ فوجدارون
اور برہمنون کے پاس اس تحصیل مین نصف سے زیادہ دیہات ہین مگر ان ہر دو قسم کے
مالکان سے ایک ہی زراعت کے واسطے موزون نہین ہے بعض بوجہ اسکے کو ہر طرح کے
شاکر کیا ہے ہین یعنی وہ راجہ رن سنگہ کی اولاد سے اپنے آپ کو ظاہر
کرتے ہین۔

مہاراج بکنیت باشی نے انکی ماہیون سے کچہ حصہ ضبط کر لیا تھا مگر اسکے تک وہ
ضبطی کے حکم کو ایک قسم کی اپنی ہتک خیال کرتے ہین اور بعض شدہ دیہات کے اراضی منضبطہ

پر ہے ایک قدرتی گہرائی - تل چہیرا - بوڑولی پیپری - کہارومو - ندہی - خاجین گنج
کیرٹڑدیبی - بہیلارا - مہرام پور - رائے سین سے ہوتی ہوئی موضع بہٹاہی تحصیل
کہیر تک جاتی ہے - پہلے کہتومر راج الور سے سیلاب کا پانی اسی نشیب سے آتا تہا -
اور دیہات بالا کو بہت منفعت بخش تہا - مگر اب چند سال سے کمی بارش اور نیز سموچی -
کیٹرلی اور دیگر مقامات تحصیل کہتومر مین یازادی و ترقی بندات کی باعث پہاڑ کا پانی اس راستہ
سے نہین آتا فقط مقامی بارش کا پانی ڈہلک کر آجاتا ہے جو سودمند زراعت ہوتا ہے
کیونکہ جو اراضی اس راستہ کے نزدیک ہے وہ چاہات شیرین اور کافی مقدار پانے کے
سبب ہمیشہ زرخیز رہتی ہے - اس حصہ مین چاہات خام ہی زیادہ پائے جاتے ہین -
اون دیہات کو جو ریل سے شمال کیجانب ہین پہلے بند گالا کیٹرا واقعہ کہتومر سے زائد
پانی سے گاہے ماہے آبپاشی ہوتی تہی - مگر اب بہت سالون سے پانی کے بند مین
اسقدر قلت رہتی ہے کہ اوس سے تحصیل کہتومر کی ضرورت ہی رفع نہین ہوسکتی - لیکن اگر
بند زیادہ بہر جاوے تب ہی اوسکا پانی اوس سڑک سے جو کیٹرلی سے کہتومر کو جاتی ہے
رُکا رہتا ہے - اندرین صورت ہم خیال کرتے ہین کہ سوائے اسکے کہ کبہی زیادہ پانی
بند سے بہہ کر چلا آیا ہو ان دیہات کو اور کسی قسم کا فائدہ اس سے نہین پہونچا - زمینداران
کا یہ بیان کہ انکو اس بند سے پہلے بہت فائدہ پہونچتا تہا فقط اوس نقصان کو جو بوجہ بندش
آب انکو پہونچا ہے - مبالغہ کے ساتہ ظاہر کرنے کی غرض سے ہے - ماسوائے
پتہینا اور جہاروتی کے چند دیگر دیہات تحصیل ہذا کے جنوب مین ایسے ہین جنکو زمانہ
حال مین وقتاً فوقتاً بان گنگا کی طغیانی سے فائدہ پہونچتا رہا ہے - لیکن اگر موضع تن جہی
تحصیل بسادر سے جہان بان گنگا کا رخ دفعتاً جنوب کی طرف بدلتا ہے ایک نہر نکالی جاوے

پہاڑ [illegible] ندی کا پانی [illegible] بڑا [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] میں سے ہو کر [illegible]

[illegible] بہتی ہے۔ [illegible] سب کا پانی اس نشیب [illegible]

اور دریائے [illegible] بہت [illegible] تھا۔ مگر چند سال سے [illegible]

[illegible] کی [illegible] پانی [illegible]

[illegible] پانی [illegible] ہے۔ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

پانی سے [illegible] اب بہت [illegible] پانی کے [illegible]

[illegible] کی ضرورت [illegible] نہیں ہو سکتی۔ لیکن اگر

[illegible] پانی [illegible]

[illegible]

[illegible] دریائے [illegible] نہیں [illegible]

[illegible] نقصان [illegible]

آب [illegible] کے ساتھ [illegible] ہے۔ [illegible]

[illegible] دریاؤں کے [illegible]

حال میں [illegible] گنگا کی [illegible] ہے۔ لیکن اگر [illegible]

تفصیل [illegible] کی طرف [illegible] ایک [illegible]

گہاٹیان جو جنوبی حد راج الور سے شروع ہو کر چہہ دیہات بہرتو پر مین سے ہو کر راج جیپور مین جہان بان گنگا او نکو ملتی ہے جاتی ہے اسی حلقہ مین واقعہ ہے ان گاٹیون مین سے بلند سے بلند مقام علی پور مین ہے جو سطح بحر سے ۱۲۵۰ فٹ اونچا ہے۔ مغربی گوشہ کی زمین بہت ریتلی بہوڑ ہے۔ مگر شرقی حصہ کی زمین مین پہاڑ کے پانی آنے کے باعث چاہی رقبہ کو مدد ملتی ہے اور بعض دیہات مین تہوڑا تہوڑا رقبہ سیلاب بارشی کا بہی ہو گیا ہے اس حلقہ کے دو دیہات یعنی پتہیا اور جاروئی (جسمین دراصل ۱۰ محال شامل ہین) بان گنگا کے قریب ہین جس کے باعث چاہات مین پانی شیرین و بافراط پایا جاتا ہے۔ اس حلقہ کے باقی ۱۳ دیہات مین بہی زیادہ تر چاہات شیرین ہین۔

بڑا حلقہ مشمولہ ۷۰ محال (ب) باقی حصہ تحصیل کا مثل کٹہومر و مغربی حصہ کہیر کے ایک ہموار میدان ہے! جون جون مشرق کی طرف بڑہتے جائین یہ نشیب مین ہوتا جاتا ہے جو حصہ ریل سے شمال کی جانب ہے وہ حالات زراعت مین کہیر کے جنوبی حصہ کے بالکل مشابہ ہے۔ اگر کچہہ فرق ہے تو صرف یہ ہے کہ اونمین چاہات شیرین کثرت سے موجود ہین۔ یہان کی زمین اچہی اور آسانی سے کاشت کیجا سکتی ہے۔ خریف مین۔ بن جوار۔ باجرا کی فصل عمدہ ہوتی ہے اور ربیع مین چاہات پر جو اور کہین کہین گیہون بہی بوے جاتے ہین۔ مگر چونکہ یہان کوئی ڈہر نہین ہے جسمین بارش کا پانی فراہم ہو جاوے۔ اور سردی کی بارش کم اور یقینی نہین ہے۔ اسلئے نخود کی کاشت شاذ و نادر کیجاتی ہے۔ ریل سے جنوبی حصہ کے دیہات کی زمین ہلکی ہے گو اونمین میٹہاس ہے اور بعض بعض دیہات مین خصوصاً جو تحصیل ہوساور کی سرحد کے ملحق ہین بہوڑ بہی پائے جاتے ہین۔

(ج) نالون اور بان گنگا سے قدرتی آبپاشی	موضع سنڈولی سے جو سرحد کٹہومر پر

مٹی جذب کر لیتی ہے اور [illegible] کے معمولی [illegible] کی [illegible] وقت [illegible]
پانی سطح زمین کے قریب [illegible] پایا جاتا ہے۔ اس [illegible] سے پودے
[illegible] کے [illegible] ہیں۔ چونکہ پانی کی نسبت [illegible]
[illegible] اگر [illegible] ۔ [illegible] بہت [illegible] ہے اور
بڑے ہونے [illegible] وقت [illegible] ہیں۔ [illegible] پانی زیادہ ہے [illegible]
[illegible] کی [illegible] ہوا [illegible] ہے [illegible]
میں سرایت کرتا ہے جذب کرتی ہے۔ [illegible]
[illegible] وقت ہوتی ہے [illegible]
[illegible] وقت ہوتی ہے [illegible]
[illegible] ہیں [illegible] کے [illegible]
[illegible] ہے [illegible] کی [illegible]
[illegible] ہوتی ہے [illegible] میں [illegible]
[illegible] ہوتا ہے [illegible]
[illegible] ہے [illegible] ہوتی ہے [illegible]
[illegible] ہوتی ہے۔

پانی [illegible] ہیں۔ [illegible] ہوتے ہیں۔

اس [illegible] کو [illegible] زیادہ ہے اور
[illegible] کی [illegible] کی [illegible]

ملتی ہے - سطح آب عمیق ہے اور پانی بالعموم کہاری ہے - چاہات خام بہت کم ہین
زمین کی رنگت سرخ ہے جس مین اجناس خریف جوار - تل - باجرہ - اور نیز بارانی
بن اچھی طرح سے پہلتے ہوتے ہین یہ ہین کسی مقام سے سیراب نہین ہوتی اور نہ
کہیتونکی ایسی مینڈین بنی ہوئی ہین جو بارش کے پانی کو روک سکین - چونکہ زمین نہ تو ٹہنڈی
ہے اور نہ اوسمین نمی رہ سکتی ہے اسلئے ربیع کی بارانی اجناس نخود - سرسون بہت کم
کاشت کیجاتی ہین جنوب کے چند دیہات کو راسے سیو کی سیلاب سے گاہ گاہ فائدہ
یا نقصان پہونچتا ہے - یہ اسکے گڈہ سے آتا ہوا براہ موضع ہٹاولی اس تحصیل مین داخل
ہوتا ہے اور قدرتی نشیب مین ہو کر موضع بنتی - اجاوسی سے گذرتا ہوا روندہیک کو سیراب
کرتا ہے اور پہر روپاریل کے پورانے نلہ سے جو ہوم صاحب کے نام سے مشہور ہے
ہو کر خارج ہو جاتا ہے ان دیہات مین پانی بالعموم میٹہا ہے اور ربیع مین کسیقدر نخود بہی
کاشت ہوتے ہین - اس حصہ مین درخت بہت کم ہین محال بڑے بڑے ہین اور زیادہ
بسوہ داری سنسوار اور دیگر اقوام جاٹ کی ہے یہ لوگ زیادہ محنت نہین اوٹہاتے اور
انکی تعداد بہی بعض محالات مین کافی نہین ہے چاہات - زیادہ تر گورہ دیہہ یا پہ کہرون کے
گرد بنائے جاتے ہین اور چونکہ ان چاہات کا پانی اس قابل نہین ہے کہ اوس سے بلا
نقصان اراضی مسلسل آبپاشی کیجاوے اسلئے باری سے نصف چاہی رقبہ کو آبپاش
کیا جاتا ہے اور باقی نصف کو یا تو خالی چہوڑ دیا جاتا ہے یا اوس مین بارانی فصل
بوئی جاتی ہے اس تحصیل کے جنوبی حصہ کی دہات کو صحرائی جانورون اور بن گایون
سے جو روندہیک اور ہٹاولی سے حملہ آور ہوتے ہین زیادہ نقصان پہونچتا ہے - مگر اب
موخر الذکر آفت سے دن بدن نجات ملتی جاتی ہے -

ہے۔ آبپاشی اس تحصیل میں چاہات خام سے زیادہ کیجاتی ہے۔ پیشتر چاہات
چاہات کی زیادہ گہری نہیں کھودی جاتی اور پانی نمین سطح کے قریب ہے۔ زمین کو
میں کر آتا ہے اسی باعث سے پانی [illegible] چاہات کے بہ سطح آب تک نیچے کے
جاتے ہیں کیا ہی نہیں تھا۔ انکا زیادہ رواج شرقی حصہ تحصیل میں ہے جہاں پانی سطح
زمین کے قریب ہے۔ یہ چاہ ایک یا دو سال تک کام دیتے ہیں۔ جس جگہ گیا تو جب
ہوا پانی [illegible] جاتے ہیں اکثر ہی پانی کے [illegible] نقصان دہ رہتی
ہے اور کنوؤں کو کسی دوسری جگہ کھود لیا جاتا ہے۔ کماد اور ملحقہ چاہات [illegible] ربیع
کاشت کی جاتی ہیں۔ [illegible] گیہوں
اور [illegible] بارش کی مدد سے چاہات شور کے رقبہ میں بوئے جاتے ہیں تو [illegible] بہت عمدہ
نکلتی ہے۔ لیکن اگر کھاری پانی کی مدد سے بوئے جائیں تو فصل [illegible] ہوتی ہے
[illegible] ہوتی ہے۔ ایسی فصل کو اگر [illegible] بارش کی مدد [illegible] کی [illegible] ہے
اور [illegible] وقت [illegible] ہے لیکن اگر [illegible] وقت پر بارش سے مدد [illegible]
[illegible] جاتی ہے اور پیداوار [illegible] چاہات [illegible] کی فصل سے عمدہ ہوتی ہے۔ زیادہ
گرمی میں چاہات شور کی تاثیر نہایت نقصان دہ ہوتی ہے چنانچہ اسی باعث سے [illegible]
بارش کے موسم میں ربیع کی کاشت نسبتاً موسم کی آمد تک ملتوی کر دی جاتی ہے۔

قدرتی تقسیم (د) باعتبار اقسام اراضی و حالات زراعت تحصیل دو دیہات واقعہ
سرحد [illegible] کو چھوڑ کر جو [illegible] ہوتی ہے اور قدرتی طور پر ۳ حصوں پر منقسم ہے۔

(۱) غربی اس تحصیل کا غربی حصہ ایک خشک [illegible] میدان ہے۔ [illegible] میں یہ
اسکے [illegible] جنوب میں ہے یا اور کی تحصیل [illegible] کے قریب [illegible] ہے

تحصیل	تفصیل	تعداد دیہات	کل رقبہ	رقبہ مزروعہ	مال	جمع معہ جملہ ابواب	مردم شماری ۹۸-۱۸۹۷ء	آبادی فی میل مربع کل	آبادی فی میل مربع مزروعہ	کیفیت
نانپارہ	خالصہ	۸۳ ۱/۲	۴۶۳۳۳۳	۲۵۹۶۶۸	۲۱۰۳۳	۴۶۹۶۹۵	۳۴۹۸۰۲	۲۸۹	۵۰۴	
	ملکیت	۷	۱۸۸۸۹	۰						
	معافی و جاگیر	۲۹ ۱/۲	۵۱۱۵۶	۲۵۲۸۸						
	میزان	۱۱۹	۲۸۷۰۷۸	۱۶۰۵۸۲						
کیسر گنج	خالصہ	۷۲	۲۶۵۳۲۲	۱۹۰۱۹۰	۲۲۷۸۵۷	۲۱۰۷۸۱	۳۷۸۸۵	۳۰۵	۴۳۹	
	ملکیت	۱	۳۵۴							
	معافی و جاگیر	۱۰	۱۶۳۴۴	۱۲۳۴۶						
	میزان	۸۳	۲۸۱۹۵۹	۱۹۸۴۳۸						
بہرائچ	خالصہ	۱۲۱ ۱/۲	۲۷۶۳۲۸	۲۸۸۸۴۶	۳۸۸۷۸۸	۴۱۶۵۵۰	۳۳۳۸۸۳	۲۱۵	۳۳۱	(۱) بیرون نانپارہ ۲۹۸۸۷ آبادی شہر بہرائچ
	چوتم	۱	۳۵۸۳	۱۲۴۶			۲۹۳۵۶			
	ملکیت	۵	۲۹۱۰۵							
	معافی و جاگیر	۲۲ ۱/۲	۳۷۵۹۸۳	۲۸۸۲۸۴						
	میزان	۱۵۳	۲۳۴۹۸۳	۱۵۸۲۱۶			۱۱۱۱۹۵ (ب)			(ب) مشمول آبادی شہر بہرائچ

تحصیلون کا رقبہ ایک ہموار مرتفع میدان ہے اور زمین بالعموم مٹی و زرخیز ہے۔ مگر پاپات کا پانی اکثر کھاری و ملح ہے یہ میدان جو تحصیل کٹھومر ریاست الور سے شروع ہو کر بجانب مشرق بصوب جمنا ڈھالو پر ہے۔ کاٹھیر کے نام سے مشہور ہے جس کی وجہ تسمیہ معلوم نہین ہو سکی۔

نگر کی چھوٹی تحصیل ان تینون سے علیحدہ ہے اسکی غربی گوشہ پر تحصیل کٹھومر ریاست الور کے چند میل کے قطعہ حائل ہونے سے اسکا الحاق تحصیل کمہیر سے منقطع ہو گیا ہے۔ بلحاظ جغرافیہ و رسومات ملک یہ تحصیل میوات مین شامل ہے اسکا شرقی حصہ قدرتی طور پر گوپال گڈہ کی حد سے لاحق ہے اور غربی حصہ سکڑتا ہوا دور تک ریاست الور مین چلا گیا ہے جسکے شمال مین گوبند گڈہ اور جنوب مین لچمین گڈہ اور کٹھومر کی تحصیل ہین۔

یہ چارون وسطی تحصیلین کسی نہ کسی مقام پر علاقہ غیر سے ملتی ہین کمہیر کا شرقی حصہ اپن روپ مین حصہ ضلع متھرا سے ملتا ہے۔ اور اس تحصیل کے ۵ مواضعات۔ نگلہ۔ لمرا۔ باو بینیا اور نگلہ ہو اعلاقہ متھرا سے محدود ہین ہر تپور مشرق کی جانب سے کرولی اور فتحپور سیکری تحصیلات ضلع آگرہ سے ملتا ہے۔ موضع شمس پور جو سرحد متھرا مین ہے اور وہیر م پور اور کیرائی جو سرحد آگرہ کی اندر واقع ہین اسی تحصیل کے متعلق ہین۔ بجانب غرب اسکے گڈہ کی حد چند میل تک جے پور اور تحصیل کٹھومر ریاست الور سے ملتی ہے۔ اور نگر جیسا ہم پہلے ذکر کر چکے ہین گوبند گڈہ۔ کٹھومر اور لچمین گڈہ تحصیلات الور سے ملحق ہے۔

برٹے برٹے امورات۔ دفعہ ۴۔ ہر ایک تحصیل کی قدرتی ہیئت پر کما حقہ بحث کرنے سے پیشتر یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ جدا گانہ طور پر بڑے بڑے امورات کا تذکرہ کیا جاوے۔ رقبہ کل بیانہ رائج کا مروج بیگہ ہے جو ۲۲۳۲ انشابی جریب کے مربع کے برابر ہے۔ اسکے ۱۹۳۶

بلا قباحت عمل درآمد ہو سکتا ہے۔ سر ہنری لارنس صاحب بہادر کی سرسری بندوبست سنہ ۱۸۵۴-۵۵ء کے بعد جسکا ذکر ہم اپنی رپورٹ سالگذشتہ کے دیباچہ مین کر چکے ہین جسقدر بندوبست ریاست ہذا مین ہوئے ہین اونمین سے کسی بندوبست کی رپورٹ یہان موجود نہین ہے جس سے یہ معلوم ہو سکے کہ تشخیص ہاے سابقہ کن اصول پر مبنی تہین۔ اسی باعث سے بہرتپور مین تشخیص جدید کا کام بہ نسبت الور کے جہان سنہ ۱۸۷۶-۷۷ء کا باحتیاط قانونی بندوبست اندراج حال سے مقابلہ کے لئے موجود ہے نہایت مشکل ہے۔ مگر یہان بہی مثل الور کے ڈپٹی کلکٹر صاحبان نے اپنی اپنی تحصیلات کی رپورٹ تشخیص ہمکو دینے سے ہمارا کام بہت ہلکا کر دیا۔ انکی رپورٹ اوس نمونہ پر لکہی گئی تہین جو ہمنے ان صاحبان کو دیا تہا۔ اور ہماری موجودہ رپورٹ کا مصالحہ انکی رپورٹون اور ہمارے مشاہدات اور قلیل القدر معلومات پر جو ہمکو کاغذات دفتر اجنٹی سے مل سکے مبنی ہے۔

محل وقوع وحدود اربعہ چہار وسطی تحصیلات محل وقوع وحدود اربعہ ان چارون تحصیلونکا نقشہ منسلکہ رپورٹ سے معلوم ہوگا۔ کمہیر۔ اکہے گڈہ اور بہرتپور ایک گنجان قطعہ مین آباد ہین۔ اور ٹہیک ریاست کے وسط مین ہین یہ تحصیلات روپاریل اور بان گنگا کے درمیان ہین۔ یہ دونون برساتی دریا ہین جو ہر سال چار یا پانچ مہینون تک ایام برسات اور کچہہ عرصہ بعد تک جاری رہتے ہین۔ روپاریل پر شمالی تحصیلات کی زراعت کی شادابی کا دار و مدار ہے اور بان گنگا سے جنوبی تحصیلات کا رقبہ آبپاش ہوتا ہے کثرت بارش کے دنون مین حسب اندراج دفعہ ۱۵ رپورٹ سالگذشتہ روپاریل وگ سے براہ کمہیر ہوتی ہوئی قصبہ بہرتپور تک پہونچتی ہے۔ مگر بان گنگا کی طغیانی سے ہر سال بذریعہ اجان بند بہرتپور کا جنوبی حصہ سیراب ہوتا ہے اس سے موضع پہینا اور تحصیل اکہے گڈہ کے چند جنوبی غربی دیہات بہی مستفید ہوتی ہین۔ ان تینون

سپرنٹنڈنٹ ان [illegible] ہیں جب [illegible] ہر دو

افسران سے [illegible] کے نقشہ جات تشخیص [illegible] اور [illegible]

مشمول تشخیص [illegible] کیونکہ [illegible]

ایک تحصیل [illegible]

و تحصیلداران [illegible] کیا [illegible]

[illegible] تحصیل [illegible]

[illegible] کی [illegible]

حیثیت [illegible]

تشخیص [illegible] رعایا کی [illegible]

[illegible] کی [illegible]

[illegible] کی قابلیت [illegible]

[illegible] کیا [illegible]

سے [illegible] ابتدائی واقفیت [illegible] ڈپٹی کمشنر صاحب [illegible]

کی [illegible] سے امداد حاصل کر کے [illegible] ڈپٹی کمشنر صاحبان سے [illegible]

نقشہ جات [illegible] کی۔ اور تشخیص [illegible]

[illegible]

[illegible] ایک [illegible] کیا [illegible]

اپنی [illegible] ڈپٹی کمشنران کی یادداشت [illegible]

[illegible] کے لئے مناسب [illegible]

اسلئے مثل شمالی تحصیلات کے ان تحصیلات مین بہی تشخیص کا دارومدار اسی سال کے اندراج
پر رکہا گیا ہے۔ ترمیم کے ساتھہ مکمل اور صحیح اندراج حقوق ملکیت وکاشت اراضی کا
پہلی ہی مرتبہ کرایا گیا اور پہر کمانہ وار تصدیق بمواجہہ زمینداران منصرمان حلقہ صدر منصرمان تحصیل
اور ڈپٹی کلکٹر صاحبان نے (جنکے اہتمام مین یہ کام ہو رہا ہے) کی چونکہ بموقعہ تصدیق ریاست
ہذا مین اول ہی دفعہ بڑی کوشش متعلق تنقیح وتشریح حقوق اراضی کی گئی تہی اسلئے پرانی
ناکمل اور غیر مصدقہ کاغذات کے سقم اور سہو کے باعث بیشمار تنازعات واختلافات نمودار
ہوئے جسکی درستی کی غرض سے ہمنے موضع وار ایک رجسٹر موسومہ فرد تنازعہ طیار کرائی
جسمین اس قسم کے جملہ مقدمات چڑہائے گئے ڈپٹی کلکٹران صاحبان نے سرسری تحقیقات
موقعہ سے ان مقدمات کو فیصل کیا اور فریق ناراض کو حق اپیل ہمارے اجلاس مین دیا گیا
یہ فرد تنازعہ شامل مثل رہے گی اور آیندہ کے مقدمات مین اسکا حوالہ نہایت مفید ہوگا۔ بڑی
بڑے مقدمات کا تصفیہ بقایمی جداگانہ مثل جوڈیشل تحقیقات سے ہوا۔ اور اخیر حکم کا
عمل درآمد کاغذات جدید مین کرایا گیا۔ مزارعان کی جانب سے جو دعوے حق موروث حاصل
کرنیکے لئے پیش ہوئے۔ اونکا فیصلہ بہی دیہہ وار فرد مرتب کراکر ڈپٹی کلکٹر صاحبان نے کیا ہے
پس اس طریق سے تمام حقوق متعلق اراضی کے تحقیقات کی گئی۔ اور جملہ تنازعات کا تصفیہ
کرایا گیا۔ اور ایک مکمل صحیح مثل بنوائی گئی۔ جو قطع نظر اس امر کے کہ اوسکا اندراج معاملات
حقیقت کے لئے بہت کارآمد ہے تشخیص جدید کے لئے مصالحہ فراہم کرنے مین بہی
اور بس ضرور مفید ہے چار تحصیلات زیر تجویز مین سے کہیر اور اکہے گڈہ کا کام زیر نگرانی سردار
ہیرا سنگہ صاحب ہوا ہے جو ایک تجربہ کار افسر بندوبست ہین اور جنکی خدمات پنجاب گورنمنٹ
سے ۱۸۹۷ء مین مستعار مانگی گئی تہین اور بہرتپور ونگر کا کام زیر اہتمام منشی محمود حسن صاحب

کم تھی اور نیز ژالہ اور آندھی سال کے درمیان مطابق معمول کے تھی۔ رپورٹ سال میں
خرابی کا احتمال تھا اس لئے جناب صاحب پولیٹکل ایجنٹ بہادر و کونسل ریاست نے بجٹ کا کم و تمام
نظرثانی دوبارہ ہوا گیا۔ رپورٹ ہذا میں وسطی پانچ تحصیلات کی۔ اسکے علاوہ تھوڑا ذکر
کا ذکر ہے۔ باقی پانچ بیلی تحصیلات اٹیر۔ روپباس۔ بیانہ۔ ویر کا ذکر سال
آئندہ کی رپورٹ میں ہوگا جو اس وقت ریاست ہذا کا انتظام بندوبست ختم ہوگا۔ سال گذشتہ
کی رپورٹ کے دیباچہ میں بحث کی نسبت مختلف ریاست ہذا کی گذشتہ انتظام کا ذکر
کیا تھا۔ اور یہ بھی بیان کیا تھا کہ ملحقانہ ہیں۔ مالگذاری میعاد رشتہ اقوام کو حقیقتاً ان کے موجودہ
کمی آمدنی اصلی پہنچتی ہے۔ علاوہ بریں اقسام کو غذات بدرجہ تفتیش ہو رہی ہیں وہ
قانونگویان ریاست ہذا میں کم ہو چکے ہیں۔ جیسا کہ اس رپورٹ میں امور تحقیقاتیہ
مندرجہ کے ہمراہ ان امورات کو داخل نہیں کریں گے۔ کیونکہ یہ رپورٹ صرف تشخیص جمع
کی نسبت ہے۔ البتہ سال آئندہ کی رپورٹ میں مناسب ہوگا ایک باب دیگر بابت
متعلق بندوبست کے لئے ایزاد کریں گے۔

دفعہ ۲۔ تشریح طیاری کاغذات و پیمائش جمعیہ | ان تحصیلات میں بھی تشخیص جمع
کے لئے اسی قاعدہ کی پیروی کی گئی ہے۔ جیسے کہ شمولی پانچ تحصیلات میں عمل ہو چکا ہے
سب سے مقدم یہ بات تھی کہ صحیح پیمائش کشتوارات کی۔ مزروعہ اور غیر مزروعہ رقبے کا
اطمینان ہو جاوے۔ چنانچہ سنہ ۱۹۰۰ء کو نقشہ جات کشتوار کے جو پہلی تشخیص جمع کی غرض
سے طیار ہوئے تھے باوجودیکہ ان ورزیدگان صدر دو سے بند۔ واقف کاران کا ملکیات بندوبست
جو مناسب کر جناب سے برآمد کئے گئے تھے۔ موقعہ پر پڑتال کی گئی اور سنہ ۱۹۰۱ء کو موجودہ
حالات کے مطابق ان میں ترمیم کرائی گئی۔ یہ سال چونکہ ایک خاصا اوسط درجہ کا سال تھا۔

ترجمہ رپورٹ تشخیص چہار تحصیلات وسطی

ریاست بھرت پور

کمہیر - اکھی گڈھ - بھرتپور - نگر

باب اول

دیباچہ (۱) - ماہ ستمبر ۱۸۹۸ء مین ریاست ہذا کی شمالی چار تحصیلات گوپال گڈھ - پہاڑی کامنہ - اور دیگ کی بابت تجاویز جمع جدید ہمنے پیش کی تہین اور ظاہر کیا تہا کہ ہم عام طور پر کس طریق سے ریاست کا بندوبست کر رہے ہین چنانچہ گورنمنٹ ہند نے اپنی چٹھی نمبری ۶۷۷ حرف آئی - اے مورخہ ۱۱ مارچ ۱۸۹۹ء مین عام پسندیدگی کارروائی بندوبست کی نسبت ظاہر فرمائی تہی اور تجاویز متعلق جمع جدید منظور فرمائی تہین - مالی نتیجہ ان تجاویز کا یہ ہے کہ شمالی چارون تحصیلات مین اب جدید مطالبہ ۵ لاکھ ۲۸ ہزار ہو گیا ہے جس سے کل بیشی ۸۷۶۷۵ روپیہ کی متصور ہے - البتہ اگر تمام ابواب اور متفرق رقومات سوائے مطالبہ سے خارج کر دی جاوین تو خالص بیشی ۱۷۵۲۷ روپیہ کی یا موجودہ جمع تعدادی ۴۲۴۱۸۲ پر ۵ر۱۱ فیصدی کی ہوتی ہے -

نئی جمع کا عمل درآمد ربیع ۱۸۹۹ء سے ہونیکو تہا - مگر چونکہ حالت فصل اوسط سے بہت

تمت بالخیر

صفحہ	مضمون

انڈکس अनडकस

یعنی मानी

فہرست फहरिस्त

دیباچہ देबाचा.

[illegible]	۲۱
[illegible]	۳۱
[illegible]	[illegible]
[illegible]	//
[illegible]	۱۱
[illegible]	۱۱
[illegible]	//
[illegible]	۱
[illegible]	۲
[illegible]	۵
[illegible]	۲
شد	۱
[illegible]	جملہ

شد [illegible]

[illegible]

جملہ [illegible]

[illegible]

۱

رپورٹ تشخیص

بابت چار تحصیلات وسطی

کہیر - اکہے گڈہ - بہرت پور - نگر -

ریاست بھرتپور

مصنفہ

عالی جناب مستطاب صاحب والاشان مسٹر ایم - ایف - اوڈوائر صاحب بہادر آئی - سی - ایس کمشنر بندوبست

ریاست ہاے الور و بہرتپور

جس کا

حسب ایمای جناب رای بہادر منشی سوہن لعل صاحب ممبر و سکرٹری کونسل بحکم جناب صاحب کمشنر بہادر

نمبری ۳۵۸ بی مورخہ ۲۶ - اگست ۱۸۹۹ء

لالہ ہری چند و لالہ جے نراین صدر منصرمان بندوبست نے انگریزی سے اردو مین ترجمہ کیا

جو بعد ملاحظہ جناب صاحب کمشنر بہادر بندوبست پاس ہوا

اور

سنہ ۱۹۰۰ء مین

مطبع مفید عام ... مین باہتمام محمد قادر علیخان صوفی چہپا